## خیبرایجنسی کی وادی تیراہ میں مسجد میں خودکش بم دھماکے پرایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کا اظہار مذمت
## خودکش بم دھماکے کے ذریعے مسجد کونمازیوں کے خون میں نہلانے والے سفاک دہشت گرد مسلمان کہلانے کے مستحق نہیں ہوسکتے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبرایجنسی کی وادی تیراہ میں مسجد میں خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہےاوردھماکے میں درجنوں افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش بم دھماکے کے ذریعے مسجد کونمازیوں کے خون میں نہلانے والے سفاک دہشت گرد مسلمان کہلانے کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے اس سفاکانہ واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتارکیاجائے اورانہیں سخت سے سخت سزادی جائے۔انہوں نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیااورزخمیوں کی جلدصحتیابی کی دعا کی۔

## مولانافضل الرحمان اورالطاف حسین کے درمیان ٹیلی فون پرگفتگو
## پاکستان میں جمہوریت کے استحکام اورمفاہمت کی فضاء کے فروغ کیلئے مل جل کرکام کرنے پراتفاق کیا گیا
## مولانافضل الرحمان کامحترمہ آل فاطمہ رضوی کے انتقال پرالطاف حسین سے اظہارتعزیت

لندن۔۔۔18،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اورجمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانافضل الرحمان کے درمیان ٹیلی فون پرگفتگو ہوئی ۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان میں جمہوریت کے استحکام اورمفاہمت کی فضاء کےفروغ کیلئے مل جل کرکام کرنے پراتفاق کیا گیا۔گفتگو میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگرامور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پرمولانافضل الرحمان نے جناب الطاف حسین کی منہ بولی والدہ محترمہ آل فاطمہ رضوی کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیااور جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت کی۔انہوں نے مرحومہ کی مغفرت،ان کے بلنددرجات اورسوگوارلواحقین کیلئے صبرجمیل کی دعا بھی کی۔

## کوہستان کے علاقے میں برفانی تودہ گرنے سے ہلاکتوں پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

کراچی۔۔18،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوہستان کے علاقے میں برفانی تودہ گرنے سے درجنوں افراد کی ہلاکتوں اورزخمی ہونے کے واقعہ پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں فوری طورپرامدادی کاروائیاں شروع کی جائے۔انہوں نے کہا کہ شدید برفباری کے موسم میں ریسکیو اہلکاروں کوالرٹ رکھنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت برفباری اور پہاڑی علاقوں میں ریسکیو کے اہلکاروں کوجدید آلات مہیا کرے تاکہ قدرتی حادثات کے موقع پر بروقت کارروائی کرکےنقصانات کوکم سے کم کیا جاسکے۔جناب الطاف حسین نے صدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کرائسز مینجمنٹ سیل کوملک کے دوردراز علاقوں میں فعال کیا جائے اورمتاثرہ علاقے کےافرادکوفوری متبادل رہائش دی جائے اورزخمیوں کوعلاج معالجے کی ہرممکن سہولت فراہم کی جائے۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی منہ بولی ماں اورحق پرست رکن قومی اسمبلی کشورزہرہ کی والدہ کی فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔18،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اورحق پرست رکن قومی اسمبلی وایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ کشورزہرہ کی والدہ آل فاطمہ مرحومہ کی فاتحہ سوئم جمعرات بعدنمازظہرخورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآباداورمدینۃ العلم گلشن اقبال بلاک5میں منعقدہوئی جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔خورشیدبیگم میموریل ہال میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورخالد یونس،سلیم تاجک ، وسیم آفتاب،نیک محمد، اشفاق منگی ،شکیل عمر،شاکرعلی،حق پرست صوبائی

وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، مختلف سیکٹرز اور یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحومہ کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کو صبر جمیل کیلئے دعا کی گئی جبکہ مدینۃ العلم گلشن اقبال بلاک 5 میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وحق پرست صوبائی وزراء سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، آنسہ ممتاز انوار، وزراء، اراکین قومی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، نائن زیرو پر تنظیمی خدمات انجام دینے والے مختلف شعبہ جات کے ارکان وکارکنان، مختلف سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان و ہمدردوں، مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خصوصاً دانشور، ادیب، ڈاکٹرز، پروفیسرز، انجینئرز، شعراء کرام اور مرحومہ کی صاحبزادی وحق پرست رکن قومی اسمبلی اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرہ سمیت مرحومہ کے دیگر عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی، بعدازاں مجلس عزا منعقد کی گئی اور شرکاء میں نیاز تقسیم کی گئی۔

## واپڈا اور حیسکو کی جانب سے طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ سے حیدرآباد میں پاورلومز کی صنعت تباہی کا شکار ہے، رابطہ کمیٹی
## پاورلومز صنعت سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابستہ ہے، صنعت کو بچانے کیلئے فی الفور اقدامات بروئے کار لائیں جائیں

کراچی۔۔۔18، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد میں واپڈا اور حیسکو کی جانب سے بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور لوڈشیڈنگ کے باعث پاورلومز صنعت کی تباہی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پاورلومز کی صنعت کو تباہی سے بچانے کیلئے لوڈشیڈنگ پر قابو پایا جائے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاورلومز کی صنعت حیدرآباد میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے جس سے ہزاروں خاندانوں کا گزر بسر وابستہ ہے تاہم حیدرآباد میں واپڈا اور حیسکو کی جانب سے طویل ترین دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کے باعث حیدرآباد پاورلومز کی صنعت بری طرح متاثر ہورہی ہے اور صنعت کی تباہی کے باعث 40 سے 50 ہزار افراد کے بے روزگار ہونے کا خدشہ ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب بجلی کی لوڈشیڈنگ سے حیدرآباد کے شہری شدید پریشان اور ان کے روزمرہ کے معمولات زندگی متاثر ہورہے ہیں جبکہ دوسری جانب پاورلومز کی صنعت بھی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ پاورلومز کی صنعت سے اعلیٰ ترین کپڑا تیار ہوتا ہے جو بیرون ملک برآمد کرکے زرمبادلہ حاصل کیا جاتا ہے تاہم اس صنعت کی تباہی سے برآمد پر بھی اثر پڑے گا اور قومی خزانے کو بھاری نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پاورلومز کی صنعت کو تباہی اور ہزاروں خاندانوں کو فاقہ کشی سے بچانے کیلئے واپڈا اور حیسکو کی جانب سے حیدرآباد میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا فی الفور نوٹس لیا جائے۔

## ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، ذمہ داران بلاامتیاز تمام ملازمین کے جائز مفادات کے حصول کے لئے اجتماعی جدوجہد کریں،
## مظاہر حسین (ایم کیوایم لیبر ڈویژن ہمدرد یونٹ کی تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب)

کراچی۔۔۔18 فروری 2010

ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے خدمت خلق سب سے بڑی عبادت ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور نظریے پر عمل کرکے ہی تحریکی ذمہ داریوں کو پورا کیا جاسکتا ہے، کارکنان تحریک کے فرائض انجام دینے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کریں، یہ بات ایم کیوایم لیبر ڈیوژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین نے گزشتہ روز ہمدرد یونٹ کی تنظیم نو کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مظاہر حسین نے کہا کہ ایم کیوایم بلاامتیاز تمام ملازمین کے جائز مفادات کے حصول کے لئے اجتماعی جدوجہد کررہی ہے، کارکنان ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر تحریکی کاموں میں بڑھ چڑھ کے حصہ لیں۔ اجلاس سے ممبر مرکزی لیبر ڈیوژن محمد اسرائیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کارکنان حالات پر نظر رکھیں نظم ضبط کا مظاہرہ کریں باقاعدگی سے امن اخبار کا مطالعہ کریں آخر میں ہمدرد کی تنظیم نو کے موقع پر منتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن شاہد پاشا کے والد سید عبدالطیف، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن سعید کے والد فضل رزاق رحمانی، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ کے کارکن ملک محمد یامین کے والد ملک علی شبیر، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے بھائی کامران سعید، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن شریف کی والدہ محترمہ خوشنودی بیگم انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## گمبٹ میں مقامی ٹی وی چینل کے صحافی عاشق منگی کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے، ایم کیوایم

لندن۔۔۔18، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی نے گمبٹ میں مقامی صحافی عاشق منگی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ نجی ٹی وی چینل کے سینئر صحافی عاشق منگی کے قتل میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔اپنے ایک بیان میں اشفاق منگی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے مقتول صحافی کے سوگوار لواحقین سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے اور قتل کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جس سے صحافی برادری میں تشویش پائی جارہی ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ صحافی عاشق منگی کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## طلبہ معاشرے کا اہم ستون ہیں ملک کی بھاگ دوڑ طلبہ کے ہاتھوں میں ہے، جاوید احمد

## اے پی ایم ایس او کے تحت کاروانِ حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا اختتامی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔18 فروری 2010ء

جمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد نے کہا ہے کہ جسمانی نشوونما کیلئے کھیل انتہائی ضروری ہے اور اے پی ایم ایس او تعلیم کے فروغ کے ساتھ ساتھ صحتمندانہ سرگرمیوں کے فروغ کیلئے بھی کام کر رہی ہے۔یہ بات انہوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سیکٹر ایف کے زیر اہتمام کاروانِ حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے ارکان توصیف اعجاز، فرحان شمس سمیت سیکٹر ایف کے سیکٹر آرگنائزر و اراکینِ سیکٹر کمیٹی و یونٹس کمیٹیز کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔جاوید احمد نے ٹورنامنٹ کی کامیاب ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے اور انہیں شاباش دی، ٹورنامنٹ کا فائنل میچ نیشنل کالج اور فاؤنڈیشن کالج کے درمیان کھیلا گیا جس میں نیشنل کالج کی ٹیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فاؤنڈیشن کالج کی ٹیم کو شکست دی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید احمد نے کہا کہ طلبہ کسی بھی معاشرے کا اہم ستون ہوتے ہیں جو کہ معاشرے کی تکمیل میں بہترین کردار ادا کرتے ہیں طلبہ کو کسی بھی معاشرے کی حالات زار کو بہتر بنانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کا یہ خاصہ رہا ہے کہ جس نے صحت مندانہ تعلیمی ماحول کیساتھ ساتھ تعلیم کے فروغ کیلئے بہترین کام انجام دیئے ہیں۔انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر سیکٹر ایف کی سیکٹر کمیٹی و یونٹس کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان کو مبارکباد پیش کی۔تقریب سے اے پی ایم ایس او کے مرکزی کابینہ کے رکن فرحان شمس اور توصیف اعجاز نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ اے پی ایم ایس او اس باغ کی مانند ہے جہاں طلبہ کو تعلیم کے حصول کے ساتھ کھیلوں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔

## ججوں کی تقرری کا فیصلہ حکومت اور عدلیہ کیلئے خوش آئند ہے، ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی ۔۔۔۔18 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی نے ججز کی تقرریوں کے معاملے کے اتفاق پر حکومت اور عدلیہ کیلئے خوش آئند قرار دیا ہے۔ جمعرات کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہونے والے اپنے ایک اہم اجلاس میں لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کے تسلسل کیلئے تمام معاملات افہام وتفہیم کے ذریعے حل ہونے چاہئے نئے ججوں کی تقرریوں کے بحران کو مفاہمت اور مصالحت کے ذریعے حل کرنے پر چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری، صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے ججوں کی تقرری کے بحران کے خاتمے پر اطمینان کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی عوام کے درپیش مسائل جلد حل ہونگے اور انصاف کے حصول میں آسانیاں پیدا ہونگی۔

☆☆☆☆☆